# 11-10-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ وزیر اعظم مودی نے کہا ہے کہ دن دھانیا کرشی یوجنا اور دالوں میں آتما نربھر کے مشن سے ملک کے کئی ملین کسانوں کی قسمت تبدیل ہوگی۔

۲۔ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے متعلقہ حکام کو ہدایت دی ہے کہ ٹی۔اسکوائر سے متعلق تعمیراتی کام آئندہ ماہ سے شروع کیے جائیں۔

۳۔ وزیر آئی ٹی ڈی سری دھر بابو نے آج اعلان کیا کہ ریاستی حکومت ضلع ورنگل اور نلگنڈہ میں ٹی ہب حیدرآباد کے طرز پر انکیوبیشن مراکز قائم کرنے کا منصوبہ رکھتی ہے۔

۴۔ بی آر ایس کے سینئر قائد ٹی ہریش راؤ نے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی پر سوال کیا کہ وہ آندھرا پردیش کے بنکا چرلہ پراجیکٹ پر مرکزی حکومت کی نظر ثانی کے معاملہ پر خاموش کیوں ہیں؟

KONDA

تلنگانہ کانگریس کے سینئر لیڈر کونڈا مرلی نے ورنگل ضلع کی سیاست میں ریاستی وزیر پی سرینواس ریڈی کی مبینہ مداخلت پر مایوسی کا اظہار کیا۔انھوں نے ضلع میں وزیر موصوف کے غلبہ پر سوال اٹھاتے ہوئے اے آئی سی سی کے سربراہ ملکارجن کھرگے سے شکایت کی۔انھوں نے الزام لگایا کہ پی سرینواس ریڈی انڈومنٹ ڈپارٹمنٹ بالخصوص میڈارم مندر کے ٹنڈر کے عمل میں دخل اندازی کررہے ہیں۔انھوں نے الزام لگایا کہ پی سرینواس ریڈی کی خود کی کمپنی کو انھوں نے اپنے اثر ورسوخ کے ذریعہ بیشتر کاموں کو دیا ہے۔انھوں نے کہا کہ پارٹی ہائی کمان نے اس شکایت پر مثبت ردعمل کا اظہار کیا ہے۔

PM-AGRI SECTOR

وزیراعظم نریندر مودی نے آج نئی دہلی میں منعقدہ خصوصی کریشی پروگرام کے دوران زراعت اور اس سے ملحقہ شعبوں کے لئے 42 ہزار کروڑ روپے سے زائد مالیت کے مختلف پراجکٹس اوراسکیموں کا افتتاح، سنگِ بنیاد اور آغاز کیا۔ یہ پروگرام انڈین ایگریکلچرل ریسرچ انسٹیٹیوٹ میں منعقد کیا گیا۔اس موقع پر وزیراعظم نے زرعی شعبہ کی دو اہم اسکیموں پی ایم دھن دھانیا کرشی یوجنا اور مشن برائے آتمانربھر برائے دالیں کا آغاز کیا،جن کی مجموعی لاگت 35 ہزار کروڑ روپے سے زائد ہے۔ پی ایم دھن دھانیا کرشی یوجنا کا آغاز 24 ہزار کروڑ روپے کی لاگت سے کیا گیا ہے،جس کا مقصد زرعی پیداوار میں اضافہ،فصلوں کی تنوع پذیری کوفروغ دینا، پائیدار زرعی طریقوں کواپنانا، آبپاشی کے نظام کوبہتر بنانا اور منتخب 100 اضلاع میں مختصراورطویل مدتی زرعی قرضوں کی فراہمی کویقینی بنانا ہے۔دوسری جانب دالوں میں آتمانربھر کے مشن کے لیے 11 ہزار 440 کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں جس کا ہدف دالوں کی پیداوار میں اضافہ، کاشت کے رقبہ میں توسیع، ویلیو چین کو مضبوط بنانا،خریداری، ذخیرہ، پراسیسنگ کے نظام کوبہتر بنانا اورنقصانات میں کمی لانا ہے۔وزیراعظم نے اس موقع پرزراعت، افزائش مویشیاں، ماہی گری اورفوڈ پروسیسنگ کے شعبوں سے متعلق 5,450 کروڑ روپے سے زائد مالیت کے منصوبوں کا افتتاح کیا اورقوم کے نام کیا جبکہ 815 کروڑ روپے کے مزید منصوبوں کا سنگ بنیاد بھی رکھا۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ پی ایم دھن دھانیا کرشی یوجنا اور مشن برائے آتمانربھر دالیں ملک کے لاکھوں کسانوں کی تقدیر بدل دیں گے۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ گیارہ سالوں میں ہندوستان کی زرعی برآمدات تقریباً دگنی ہوچکی ہیں، جب کہ غذائی اجناس کی پیداوار میں 90 ملین میٹرک ٹن اورپھل وسبزیوں کی پیداوار میں 640 لاکھ میٹرک ٹن سے زیادہ اضافہ ہوا ہے۔

SRIDHAR BABU:

وزیر آئی ٹی ڈی سری دھر بابو نے آج اعلان کیا کہ ریاستی حکومت ضلع ورنگل اور نلگنڈہ میں ٹی ہب حیدرآباد کے طرز پر انکیوبیشن مراکز قائم کرنے کا منصوبہ رکھتی ہے، تاکہ اضلاع میں اختراع اور کاروباری صلاحیت کو فروغ دیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ یہ اقدام حکومت کے اس وسیع تر ویژن کا حصہ ہے جس کے تحت تلنگانہ کو ایک انوویشن ہب اور فارمیسی آف پر یز میں تبدیل کیا جائے گا، جہاں سائنس اور انسانیت کا امتزاج سماجی فلاح و بہبود کیلئے بامعنی اختراعات کو جنم دے۔ یہ بات انہوں نے حیدرآباد کے نامپلی نمائش گراؤنڈ میں کاکتیہ یونیورسٹی فارما الومنی ایسوسی ایشن کی گولڈن جوبلی تقریب کے افتتاح کے موقع پر کہی۔ انہوں نے بتایا کہ حکومت جلد ہی کاکتیہ یونیورسٹی اور مہاتما گاندھی یونیورسٹی کے ساتھ ان انکیوبیشن مراکز کے قیام کے لیے یادداشت مفاہمتوں پر دستخط کرے گی۔ اس موقع پر وزیر کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی، کاکتیہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر پرتاپ ریڈی اور دیگر ممتاز فارما الومنی بھی موجود تھے۔

BC QUOTA:

تلنگانہ کی کانگریس حکومت ادارہ جاتِ مقامی میں پسماندہ طبقات (بی سی) کو دئے گئے 42 فیصد ریزرویشن سے متعلق گورنمنٹ آرڈر پر ہائی کورٹ کی جانب سے جاری کردہ عبوری حکمِ التواء کے خلاف سپریم کورٹ سے رجوع ہونے کا ارادہ رکھتی ہے۔ 9 اکتوبر کو ہائی کورٹ نے اس جی او پر عبوری روک لگادی تھی۔ اس فیصلہ کے بعد وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کابینی وزراء، آل انڈیا کانگریس کمیٹی کی انچارج میناکشی نٹراجن اور سینئر وکیل و کانگریس رہنما ابھیشیک منوسنگھوی سے مشاورت کی۔ پارٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ حکومت جلد ہی سپریم کورٹ میں اپیل دائر کرے گی تاکہ ادارہ جاتِ مقامی میں 42 فیصد بی سی ریزرویشن کو نافذ کیا جاسکے۔

TEST CRICKET

نئی دہلی میں کھیلے جارہے دوسرے ٹسٹ میچ کے دوسرے دن ویسٹ انڈیز نے اپنی پہلی اننگز شروع کی۔اس سے قبل ہندوستان نے 5 وکٹوں کے نقصان پر 518 رنز بنا کر اننگز ڈکلیئر کر دی۔یشسوی جیسوال نے شاندار 175 رنز کی اننگز کھیلی جبکہ کپتان شبھمن گل 129 رنز کے ساتھ ناٹ آؤٹ رہے۔سائی سدرشن نے قیمتی 87 رنز جوڑے،نتیش ریڈی نے 43 اور وکٹ کیپر دھروو جوریل نے 44 رنز کی اہم اننگز کھیلی،جس کی بدولت ہندوستان نے میچ میں مضبوط پوزیشن حاصل کر لی۔

T SQUARE WORKS:

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے متعلقہ حکام کو ہدایت دی ہے کہ ٹی-اسکوائر سے متعلق تعمیراتی کام آئندہ ماہ سے شروع کیے جائیں۔انہوں نے یہ بات آج ایک جائزہ اجلاس کے دوران کہی،جس میں وزیر آئی ٹی وصنعت ڈی سری دھر بابو،اسپیشل چیف سکریٹریز جیش رنجن اور سنجے کمار سمیت دیگر سینئر حکام شریک تھے۔ریونت ریڈی نے کہا کہ ٹی-اسکوائر کی عمارت کو ایک علامتی و یادگار تعمیر کے طور پر تعمیر کیا جانا چاہیے اور اس میں ہر مرحلہ پر احتیاط برتی جائے۔انہوں نے حکام کو ہدایت دی کہ اس عمارت میں ایپل جیسی بین الاقوامی برانڈز کے اسٹورز بھی قائم کیے جائیں۔اس کے ساتھ ساتھ ایک یوٹیلٹی زون اور مناسب پارکنگ کی سہولیات کو بھی یقینی بنایا جائے۔وزیراعلیٰ نے مزید کہا کہ ٹی-اسکوائر عمارت میں سرگرمیاں چوبیس گھنٹے جاری رہنی چاہئیں۔اس کے علاوہ انہوں نے آرٹیفیشل انٹلیجنس ہب کے لیے ایک کارپس فنڈ قائم کرنے کی بھی ہدایت دی۔

WEATHER:

محکمہ موسمیات کے مطابق تلنگانہ کے مختلف اضلاع میں آئندہ دنوں میں کہیں کہیں ہلکی تا اوسط بارش یا گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ جئے شنکر بھوپال پلی، ملگ، بھدرادری کوتہ گوڑم، کھمم، ناگر کرنول اور جوگولامبا گدوال اضلاع میں گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ بارش ہونے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔

POLLS:

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کی قیادت میں تلنگانہ کابینہ کا اجلاس 16 اکتوبر کو منعقد ہوگا، جس میں ادارہ جات مقامی انتخابات میں پسماندہ طبقات (بی سی) کے لیے 42 فیصد ریزرویشن سے متعلق جی او 9 پر حالیہ ہائی کورٹ کے عبوری فیصلے پر تفصیلی غور کیا جائے گا۔ عدالت نے ریاستی حکومت کو چار ہفتہ میں جوابی حلف نامہ داخل کرنے کی مہلت دی ہے، جبکہ درخواست گزاروں کو دو ہفتہ میں اپنا جواب داخل کرنے کی اجازت دی گئی ہے۔

BRS:

بی آر ایس کے سینئر قائد و سابق وزیر ٹی ہریش راؤ نے آج حیدرآباد میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی پر سوال اٹھایا کہ وہ آندھراپردیش کے بنکا چرلہ پراجیکٹ پر مرکزی حکومت کی نظرثانی کے معاملہ پر خاموش کیوں ہیں؟ انہوں نے کہا کہ مرکزی وزیر جل شکتی کی جانب سے آندھراپردیش کے پولاورم- بنکاچرلہ لنک پروجیکٹ کی فیزیبلٹی رپورٹ پر جاری مکتوب اس بات کا ثبوت ہے کہ منصوبے کی منظوری زیر غور ہے لیکن ریاستی حکومت اس پر خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے۔ ہریش راؤ نے مہاراشٹرا اور کرناٹک کی جانب سے پانی پر دعووں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ تلنگانہ کے آبی حصے کو سنگین خطرہ لاحق ہے۔ انہوں نے بی جے پی پر بھی تنقید کی کہ ریاست سے تعلق رکھنے والے 8 بی جے پی ارکان پارلیمنٹ کے باوجود پارٹی نے اس معاملہ پر کوئی آواز نہیں اٹھائی اور شکوک وشبہات کے ساتھ منصوبے کو آگے بڑھایا جارہا ہے۔

Seethakka

وزیر بہبودی خواتین و اطفال سیتا اکا نے ضلع کلکٹر دیواکر ٹی ایس کے ساتھ ملگ ضلع کے ایٹورانا گارم منڈل میں مجوزہ وتجیٹبل اورنان وتجیٹبل مارکٹ کے کاموں کا افتتاح کیا۔اس مارکٹ کی تعمیرایک کروڑروپے کےصرفہ سے کی جارہی ہے۔ اس موقع پرسیتااکانے کہاکہ مواضعات کے ماسٹر پلان کے ذریعہ ہی ترقی ممکن ہے۔انہوں نے کہاکہ ایٹورانا گارم ریونیوڈویژن، پانچ منڈلوں کا مرکزاوردونوں ریاستوں کی اہم سرحدکامرکز ہے۔وزیرنے ساڑھےسات لاکھ کروڑروپے کے منصوبہ مصارف سے بس ڈپو کا سنگ بنیاد رکھا۔انہوں نے کہا کہ آنے والے دنوں میں منڈل مستقروں کوبلدیات کادرجہ دیاجائے گا۔

OO